烏爾都語版 Urdu Version

VOL. 72

بھاری وزن منتقل کرنے والی مشین چلاتے وقت جلد بازی نہ کریں؛ محفوظ عمل کاری ہی سب سے اعلیٰ ترجیح ہے۔

工作安全健康 safety at work



1. بھاری وزن منتقل کرنے والی مشین کے آپریٹر(عمل کاروں) کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیے اور متعلقہ زمرے کی بھاری وزن منتقل کرنے والی مشین چلانے کے لیے ہر ایک کے پاس قانوناً جائز سند ہونی لازمی ہے۔



2. گرنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے، مشین چلاتے وقت بڑے زاویوں کی ڈھلوانوں کے کناروں، گہرے گڑھوں یا بڑے سوراخوں کے قریب جانے سے گریز کریں۔




3. جہاں تک ممکن ہو ڈھلوانوں پر بھاری وزن منتقل کرنے والی مشین چلانے سے اجتناب کریں۔ اگر مشین کو اوپر کی جانب لے جانا ناگزیر ہو، تو اسے سیدھا ڈھلوان کی طرف ہرگز نہ چلائیں، ورنہ مشین آسانی سے پھسل کر نیچے گر سکتی ہے یا الٹ سکتی ہے!



4. اگر بڑے زاویے کی ڈھلوانوں پر مشین چلانا ضروری ہو، تو پہلے ان ڈھلوانوں کے زیادہ سے زیادہ قابلِ اجازت زاویے کی جانچ کریں جن پر مشین چلائی جا سکتی ہے۔ سب سے موزوں گیئر کا احاطہ منتخب کریں—اگر بھاری وزن منتقل کرنے والی مشین میں گیئر-لیور (ملانے) کا نظام موجود ہو، تو انجن کی مناسب قوت اور حرکت کے دوران انجن پر بریک لگانے کا عمل مؤثر ہونے کو یقینی بنانے کے لیے چھوٹے گیئر کا انتخاب کریں۔

حرکت پذیر مشینری کی نگرانی کے لیے تکنیکی آلات استعمال کریں۔ اگر سازو سامان مقررہ علاقے سے باہر چلے جائیں، یا کوئی کارکن اچانک خطرناک علاقے میں داخل ہو جائے، تو حادثات سے بچاؤ کے لیے الارم بجنے کا انتظام قائم رکھیں!

جب کوئی کارکن چلتی ہوئی مشینری کے قریب آئے تو الارم بجنے کا انتظام قائم رکھیں




جب کوئی کارکن خطرے کے علاقے میں داخل ہو تو الارم بجنے کا انتظام قائم رکھیں



5.

اس کے علاوہ، چاہے آپریٹر (عمل کار) تجربہ کار ہی کیوں نہ ہو، اگر اُس کے میدانِ نظر میں رکاوٹ رونما ہو، تو رہنمائی کے لیے ہاتھ کے اشارے دینے والے سگنلر (اشارہ دہندہ) کی تقرری لازماً کریں!



6.

کام مکمل ہونے کے بعد، مشین کو ٹھوس اور ہموار سطح والے مقررہ پارکنگ علاقے میں رکھیں۔ اس کے تمام منسلک آلات (بالٹی وغیرہ) زمین پر اتار دیں، ہینڈ بریک لگائیں، ایندھن جلانے کی چابی نکالیں، اور دروازہ بند کرکے اس میں تالا لگائیں۔ اس سے حفاظت اور ذہنی سکون یقینی ہوتے ہیں!



7.

پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کونسل

لیبر ڈیپارٹمنٹ

www.labour.gov.hk

2542 2172

آن لائن OSH (پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت) شکایات پلیٹ فارم

(پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت) OSH شکایات کی فوری لائن

"OSH 2.0" Mobile App